NSW GOVERNMENT | Health Pathology

آپ اپنے کووڈ-19 ٹیسٹ کے نتائج کیسےحاصل کرسکتے ہیں

آپ اپنے کووڈ-19 ٹیسٹ کا نتیجہ تین طریقوں سے حاصل کر سکتے ہیں:

1. ایک ذاتی ضرورت کے مطابق تیار کردہ کیوآر کوڈ کے ذریعے
2. رزلٹس پورٹل (Results Portal)کے ذریعے
3. آپ کے موبائیل فون پر بھیجے گئے ایک ایس ایم ایس کے ذریعے

اپنے ٹیسٹ کے بعد، آپ کو خود کو اسوقت تک تنہائی میں رکھنا ہوگا جب تک آپ کے نتائج موصول نہیں ہوجاتے۔

- سیدھے گھر جائیں اور خود کو تنہا کرلیں ماسوائے اس کے کہ این ایس ڈبلیو ہیلتھ (NSW Health) کوئی اور مشورہ دے۔
- اپنے نتائج کی وصولی تک گھر پررہیں، چاہے آپ خود کو بیمار محسوس نہ ہی کرتے ہوں۔
- زیادہ ترلوگوں کو 24 گھنٹوں کے اندر نتائج موصول ہوجائیں گے۔

انتخاب 1: ذاتی ضرورت کے مطابق تیار کردہ کیوآر کوڈ

جب ٹیسٹ کیا گیا تھا تب اگرآپ کو ایک دستی اشتہار دیاگیا تھا جس پر ذاتی ضرورت کے مطابق تیارکردہ کوڈ تھا (آپ کے نام اور تاریخ پیدائش اس کے نیچے درج ہو)، تو مہربانی کرکے اس کیوآر کوڈ کو اپنے موبائیل فون کیمرے کیساتھ اسکین کریں اور دبائیں بھیجیں (send) کا بٹن۔

اس کیوآر کوڈ میں ذاتی تفصیلات موجود ہیں۔ اسے کوئی اور استعمال نہیں کرسکتا ہے۔

انتخاب 2: آن لائین نتائج پورٹل

- اس ویب سائیٹ پر جائیں https://my.pathology.health.nsw.gov.au
- آپ کو اپنا موبائیل نمبر درج کرنے کے لیے کہا جائیگا پھر نیلے بٹن پر کلک کریں۔ نوٹ کریں کہ ملکی کوڈ 61 + لکھا ہوا آتا ہے جو آسٹریلیا کے لیے ہے۔ اگرآپ ایک بین الاقوامی فون استعمال کررہے ہیں ، تو آپ کو ملکی کوڈ 61+ سے تبدیل کرکے اس ملک کا کوڈ درج کرنا ہوگا جو آپ کے فون پر استعمال ہورہا ہوگا۔
- آپ کے موبائیل نمبر پر ایک کوڈ بھیجا جائیگا۔ اس کوڈ کو اس ویب سائیٹ پر درج کریں جہاں 'پاس کوڈ' لکھا ہوا آتا ہے پھر نیلے بٹن پر کلک کریں۔

نوٹ: اگرآپ آن لائین نتائج کے پورٹل پر پہلی بار گئے ہیں، تو آپ کو کچھ اضافی معلومات درج کرنے کی ضرورت ہوگی۔

- کلک کریں 'دیکھیں نتائج' (View Results)اور آپ کو درج کرنے کی ضرورت ہوگی:
  - اپنا پہلا نام
  - اپنا آخری نام
  - آپ کی تاریخ پیدائش
  - آپ کے گھر کا پوسٹ کوڈ
  - آپ کی جنس – مثلاً مرد یا عورت یا دیگر
  - نمونہ لینے کی تاریخ (Collection Date) – یہ وہ تاریخ ہے جب آپ کا ٹیسٹ لیا گیا تھا
  - آپ کا میڈی کیئر نمبر اگر آپ کے پاس ہو۔ اگرآپ کے پاس نہیں ہے تو اسے سرے سے خالی چھوڑ دیں۔

- اوپر میں اس بٹن کو کلک کریں جس پرلکھا ہوتا ہے 'کولیکشن سینٹر کا انتخاب کریں' ('Select Collection Centre') اور اس جگہ کو تلاش کریں جہاں پر آپ کو کووڈ19 کا ٹیسٹ ہوا تھا۔ این ایس ڈبلیو ہیلتھ (NSW Health) کی جانب سے چلائے جانے والے مراکز کے علاوہ ایسے مراکز بھی ہیں جو خودمختیار ہیں۔ اگرآپ ایسی جگہ کا انتخاب کرتے ہیں جسے این ایس ڈبلیو

پتھالوجی نہ چلا رہا ہو، تو اس ویب سائیٹ سے آپ کو معلومات دی جائی گیں کہ اپنے نتیجے کے لیے اس کلینک سے کسطرح سے رابطہ کریں۔

- اپنا نتیجہ دیکھنے کے لیے، کلک کریں 'نتائج دیکھیں' (View Results) پر۔
- آپ کو اپنا پہلا نام اور اس طرح سے اپنی تاریخ پیدائش ٹائپ کرنے کے لیے کہا جائیگا DDMMYYYY، مثال کے طور پر، 01051971.
- آپ کو رسائی مل جائیگی اور اپنے کووڈ ٹیسٹ کے نتیجے کو ڈوان لوڈ کرپائیں گے۔

انتخاب 3: ایک ایس ایم ایس موصول کریں

اگر آپ آن لائین نتائج کے پورٹل تک رسائی حاصل نہیں کرپاتے ہیں، تو آپ اپنے فون پر ایس ایم ایس کے ذریعے اپنا نتیجہ موصول کرسکتے ہیں۔

- یہ الفاظ لکھ کر 'my result ' کو 0480 050 030 بھیجیں۔
- جب کہاجائے، مہربانی کرکے درج ذیل معلومات ایس ایم ایس کریں :
    - آپ کا آخری نام۔
    - صرف نمبروں میں اپنی تاریخ پیدائش لکھیں – DDMMYYYY. مثال کے طور پر، 01012000
    - اگر آپ ایک بچے کو رجسٹرکروا رہے ہیں، آپ کو یہ تصدیق کرنی ہوگی کہ آپ ان کے والدین یا سرپرست ہیں اور بچے کے لیے صحت کی نگہداشت کے فیصلے کر سکتے ہیں۔ ٹیکسٹ کریں Yes تصدیق کرنے کے لیے۔
    - آپ کی جنس M برائے مرد F برائے عورت یا O برائے دیگر۔
    - آپ کا پوسٹ کوڈ، (مثال کے طور پر 2114)
    - وہ تاریخ جب آپ نے اپنا COVID-19 ٹیسٹ کروایا تھا اس طرح سے DDMMYYYY، مثال کے طور پر 01052021
- اپنی تفصیلات چیک کریں اور ٹائپ کریں لفظ Yes اگر وہ درست ہیں۔ اگر آپ نے غلطی کی ہے، تو ٹائپ کریں No نئے سرے سے بھیجنے کے لیے۔
- جب آپ ختم کرلیں تو آپ کو ان الفاظ کیساتھ پیغام موصول ہوگا،'**آپ کی رجسٹریشن موصول ہوگئی ہے**' .
- آپ کو ایک پاس کوڈ بھی موصول ہوگا جسے آپ نے ٹائپ کرکےڈالنا ہوگا اپنا نتیجہ حاصل کرنے کے لیے۔
- جب آپ کا نتیجہ تیار ہوگا تو آپ کو ایک ایس ایم ایس پیغام موصول ہوگا جو آپ لفظ 'Ready' اور اپنا پاس کوڈ لکھنے کے لیے کہے گا۔
- تب یہ آپ کے فون پر آ جائے گا۔

کیا آپ کو کسی قسم کی مدد کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کو اپنا نتیجہ لینے میں مسائل آرہے ہوں اور 48 گھنٹوں سے زیادہ عرصہ گذر چکا ہو، تو آپ ہماری ویب سائیٹ پر اس بارے میں دریافت کرسکتے ہیں https://www.pathology.health.nsw.gov.au/covid-19-info/covid-19-results-direct

اگرمیرا ٹیسٹ نتیجہ ظاہر کرتا ہے کہ مجھے کووڈ-19 ہے تو کیا ہوگا؟

اگرآپ کا ٹیسٹ نتیجہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ کو کووڈ-19 ہے، اور آپ نے اپنے نتیجے کو وصول کرنے کے لیے ان انتخابات میں سے کسی ایک کے ذریعے خود کو رجسٹر کروایا ہوا ہے، تو آپ کو ایک ایس ایم ایس پیغام موصول ہوگا جو بتائے گا کہ آپ کا نتیجہ نتائج کے پورٹل پر دستیاب ہے، اور اس کیساتھ خود کو تنہائی میں رکھنے کی معلومات بھی بھیجی جائیں گیں۔

آپ کی مقامی پبلک ہیلتھ ٹیم کا عملہ بھی آپ سے رابطہ کرے گا۔

پرائیویسی معلومات اکٹھی کرنے کا نوٹس: این ایس ڈبلیو ہیلتھ پتھالوجی مریضوں کو ان کووڈ-19 ٹیسٹ نتائج سے مطلع کرنے کے لیے معلومات اکٹھی کرتا ہے۔ یہ معلومات عام طور پر این ایس ڈبلیو ہیلتھ (NSW Health) استعمال کرے گی تاہم اس کا انکشاف سروس این ایس ڈبلیو (ServiceNSW) کو مریض کےنتائج سے مطلع کرنےکے لیے کیا جا سکتا ہے۔ افراد کو یہ قانونی حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ کسی سرکاری ایجنسی کے پاس موجود اپنی معلومات تک رسائی حاصل کر سکیں۔ مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں www.pathology.health.nsw.gov.au/about-us/privacy. اگرافراد پوچھی گئیں تمام یا جزوی، معلومات فراہم نہیں کرتےہیں تو ممکنہ طورNSWHP مریضوں کو ان کے نتائج مہیا کرنے کے قابل ہونے سے قاصر ہو سکتا ہے۔